نقد و نظر

حقوق العباد

مصنف : جناب اوصاف علی خاں صاحب

ملنے کا پتا : مکتبہ امدادیہ، مقبول روڈ، ملتان

صفحات ۴۶۲ - اچھی کتابت، بہترین کاغذ، عمدہ طباعت، دیدہ زیب جلد، قیمت ۲۵ روپے

زیر نظر کتاب "حقوق العباد" کے گرامی قدر مصنف نواب اوصاف علی خاں صاحب، پاکستان کی عدلیہ کے معزز عہدے پر فائز ہیں۔ ان کے اوصافِ گوناگوں میں شرافت و متانت اور خلوص و دین داری کو نمایاں حیثیت حاصل ہے اور کہنا چاہیے کہ وہ اس لحاظ سے اسم با مسمّیٰ ہیں۔ ان کا درد مند دل مسلمانوں کے لیے جذبۂ صادقہ سے معمور ہے۔

حال ہی میں انھوں نے "حقوق العباد" کے نام سے ایک کتاب تصنیف کی ہے، جو اس وقت پیشِ نگاہ ہے۔ یہ کتاب ان کے مخلصانہ جذبات کا بہترین آئینہ ہے۔ اس کے مطالعہ سے ان کے تمام اوصاف نکھر کر سامنے آجاتے ہیں۔ اس میں ان تمام حقوق کی وضاحت کی گئی ہے جو ایک طبقے کے دوسرے طبقے پر عائد ہوتے ہیں اور جن کا ادا کرنا ضروری ہے۔

کتاب کی بنیادی صفت یہ ہے کہ اس میں تمام حقوق العباد کو قرآن اور حدیث کی روشنی میں بیان کیا گیا ہے اور جگہ جگہ اصل عربی عبارتیں درج کی گئی ہیں، پھر ساتھ ہی اردو ترجمہ بھی دیا گیا ہے۔ آغازِ کتاب میں "پیشِ لفظ" کے طور پر پاکستان کی سپریم کورٹ کے قابل احترام چیف جسٹس جناب ایس انوار الحق کی رائے گرامی درج ہے۔ مقدمۂ کتاب میں لائق مصنف نے حقوق اللہ اور حقوق العباد کے سلسلے میں بعض ضروری امور کی وضاحت کی ہے۔ اس کے بعد حقوق النفس یعنی وہ حقوق جو خود انسان کی ذات سے تعلق رکھتے ہیں، معرضِ تحریر میں لائے گئے ہیں۔ پھر ماں باپ کے حقوق، بیوی اور شوہر کے باہمی حقوق، قرابت داروں کے حقوق، پڑوسیوں کے حقوق، یتیموں، مسکینوں، غریبوں اور ملازموں کے

حقوق، کتاب و سنت کی رو سے تفصیل کے ساتھ درج کیے گئے ہیں۔ علاوہ ازیں غلام، آقا، مزدور، مالک وغیرہ کے جو حقوق ایک دوسرے پر عائد ہوتے ہیں اور جن ذمہ داریوں کا شریعت نے ان کو مکلف ٹھہرایا ہے، ان کی تصریح کی گئی ہے۔ عدل و احسان، حسنِ خلق، خدمتِ خلق، عہد کی پابندی، اخوت اور بھائی چارہ، مساوات، علما اور عوام کے باہمی حقوق، استاذ اور شاگرد کے حقوق و فرائض، عوام اور حکام کے ایک دوسرے پر حقوق، تاجر اور خریدار کی ذمہ داریاں اور ان کے حقوق، حتیٰ کہ حیوانوں اور جانوروں کے بارے میں انسان پر جو فرائض و حقوق عائد ہوتے ہیں، ان کو بھی صراحت سے بیان کیا گیا ہے۔ آخر کتاب میں "انسانیت کا منشور اعظم" کے شاندار عنوان سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا خطبہ حجۃ الوداع درج کیا گیا ہے۔

کتاب اپنے موضوع میں بڑی مفصل ہے اور اردو زبان میں غالباً اس سلسلے میں یہ پہلی کتاب ہے۔ لائق مصنف نے ہر بات کا باقاعدہ حوالہ دیا ہے اور محنت و جاں فشانی سے اسے مکمل کیا ہے۔ اس کی ترتیب و تصنیف اور فراہمیِ مواد میں انھوں نے جو تگ و دو کی ہے اور جس خوب صورت طریقے میں اس پورے مواد کو صفحاتِ قرطاس پر سجایا ہے، اس کی انھیں اللہ ہی جزا دے گا۔

ہم اپنے معزز قارئین سے سفارش کریں گے کہ وہ اس کا مطالعہ کریں۔ یوں تو یہ کتاب ہر قسم کے حضرات کو پڑھنی چاہیے، لیکن خطیبوں اور مقرروں کو بالخصوص اس کے مضامین و مندرجات سے استفادہ کرنا چاہیے۔

کتابیں بہت سے حضراتِ اہلِ علم لکھتے ہیں اور لکھنی چاہئیں، کیونکہ جو شخص اچھی بات جانتا ہے اور اظہار و بیان پر قدرت رکھتا ہے، اس کا فرض ہے کہ دوسروں کو بھی اس سے مطلع کرے۔ لیکن وہ شخص بہر حال داد و تحسین کا مستحق ہے، جو اپنی نازک ذمہ داریوں اور مصروف ترین لمحات میں سے وقت نکال کر محض تبلیغ و اشاعت کی غرض سے ایک علمی اور تصنیفی خدمت انجام دیتا ہے۔ اور ہمیں یقین ہے کہ "حقوق العباد" کے لائقِ احترام مصنف نواب اوصاف علی خاں کا شمار مخلصین کے اسی گروہ میں ہوتا ہے، لہٰذا ان کے ساتھ تعاون کرنا ہمارا فرض ہے۔